لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

جلد 5 | منگل 7 شوال المکرم 1437ھ 12 جولائی 2016ء 29 ہاڑ 2073ب | صفحات 16 | قیمت 12 روپے | شمارہ 273

www.naibaat.com e-mail: info@naibaat.com

سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لئے تیار ہیں: سیکرٹری بلدیات

لاہور (آن لائن) صوبائی سیکرٹری بلدیات کیپٹن (ر) نسیم نواز نے کہا ہے وزیراعلیٰ پنجاب محمد شہباز شریف کی ہدایت کی روشنی میں بارش اور سیلاب کے خطرے سے نمٹنے کے لئے محکمہ بلدیات کے افسران و اہلکاروں کو ریڈ الرٹ کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ تمام اضلاع میں محکمہ بلدیات کے افسران اور اہلکاروں کی تربیتی ورکشاپس کا کام مکمل ہو چکا ہے اور انہیں ایمرجنسی صورتحال کا مقابلہ کرنے کے لئے ضروری آلات اور مشینری بھی فراہم کر دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ بارش اور سیلاب کی تباہ کاریوں کا مقابلہ کرنے کے لئے تمام محکمے سرگرم عمل ہیں۔